ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز سرینگر خصوصی توجہ فرمائیں۔
ہیلتھ ایمپلائز کارڈی نیشن کمیٹی ضلع اننت ناگ کی مانگ

آج، مورخہ ۱۸ جولائی ہیلتھ کارڈی نیشن کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس زیر صدارت محترم ملک فاروق منعقد ہوا جسمیں محترم ہلال آزاد لون جنرل سیکریٹری کے علاوہ کارڈی نیشن کے تمام زعماوں محترم عبدالمجید گنائی صاحب چیرمین، محترم بشیر احمد بٹ صاحب نائب چیرمین، محترم پرویز احمد شاہ سینئر نائب صدر، محترم پرویز احمد ہاگروصاحب اور محترم محمد اسمائیس شیخ صاحب آفس سیکریٹری نے اپنی تشریف آوری سے یکجہتی کا ثبوت دیکر اجلاس میں چار چاند لگادئے، میٹنگ میں محکمہ کے ملازموں کے مختلف مسائل پر تفصیلی بحث ہوئی اور ملازمین کی سختیوں اور نا انصافیوں کے خلاف انتظامیہ سے انصاف دلانے کا عزم کیا گیا۔ اپنی ہنگامی تقریر میں محترم ملک فاروق نے اپنے شدت سے بھرے لہجے میں اس بات پر زور دیا کہ پہلگام یاترا سے جڑے ہر ایک ملازم کے تحفظ کے لئے انکی کارڈی نیشن کمیٹی انتظامیہ کو ہر وقت آگاہ کرتی رہے گی اور ملازمین کی ہر طرح کی سہولیات بہم پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کرتی رہے گی۔ علاوہ ازیں محترم فاروق صاحب نے اور کارڈی نیشن کمیٹی کے تمام زعماوں نے اپنی الگ الگ تقریروں میں اپنے غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کیا وجہ ہے کہ ضلع اننت ناگ کے ملازمین کے ساتھ یاترا کے حوالے سے سوتیلی ماں کا سلاک کیا جارہا ہے، کیا وجہ ہے کہ اس سال ہیلتھ ایڈمنسٹریشن کو ضلع اننت ناگ کو اپنے اعتماد میں نہ لاکر یاترا کے لئے ملازمین کی فہرست ڈائریکٹریٹ آف ہیلتھ سروسز سرینگر سے ہی اجرا کیا گیا، اور یاترا کے انتظامات کے متلق ضلع اننت ناگ کی ہیلتھ ایڈمنسٹریشن کو خبر رکھا گیا ہے۔ یہ بات آئینے کی طرح صاف اور عیاں ہے کہ پوتر یاترا کے پروگرام کو کامیاب بنانے میں ہر سال ضلع اننت ناگ کے ملازمین کا نہایت اہم رول ہوتا ہیں اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ضلع اننت ناگ کے ملازمین نے ہمیشہ اپنی تن دہی، اپنی لگن، اپنی محنتوں اور مشکل ترین حالات میں اور اپنی بے مثال تجربہ کاریوں کو برائے کار لاکر پہلگام یاترا کے پوتر پروگرام کو پائے تکمیل تک پہنچانے میں کبھی کوئی کسر باقی نہ رکھی یہی وجہ ہے کہ انہیں کئی بار انعمات سے نوازا گیا، کیا وجہ ہے کہ پہلے پوتر گپھا اور اب دیھرے دھیرے پنچترنی کو بھی ضلع اننت ناگ کے دائرے اختیار سے علحدہ کیا جارہا ہے، غصے اور شدت سے بھرپور انصاف میں کارڈی نیشن کے تمام زعماوں نے اسکی مزمت کرتے ہوے کہا کہ اسطرح کے ناپاک اور گندھے عزایم کو کسی بھی حال میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ ایسے بے بنیاد اور بے ہودہ اداروں پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تمام زعماوں نے اپنے چہیتے لیڈروں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوے ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز سرینگر محترم ڈاکٹر سلیم صاحب سے اس معملے میں خصوصی توجہ دینے کی مانگ کی تا کہ محکمہ کسی بھی غلط فہمی کا شکار نہ ہو، بصورت دیگر ہم ریاست کے وزیر اعلی عزت ماب جناب عمر عبداللہ صاحب ریاست کے وزیر صحت محترم تاج محدین صاحب، پہلگام کے ایم ایل اے رفیع احمد میر صاحب اور ریاست کے دیگر سینر لیڈران محترم مفتی محمد سعید صاحب اور محترمہ محبوبہ مفتی صاحبہ سے رجوع کرنے پر مضبور ہو جاے گے۔ آخر میں تمام زعماوں نے ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز سرینگر کی توجہ اس بات کی طرف دلانی چاہی کہ ضلع اننت ناگ کے تمام دیگر محکمات کا پہلگام یاترا پر اپنا پورا پورا کنٹرول ہے جبکہ تاریخ میں ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ محکمہ صحت کی ڈسرکٹ ایڈمنسٹرشن کو اس سال ہر لحاظ سے پائے پاس کیا گیا، جو باعث مزمت بھی ہے اور قابل غور مسلہ بھی۔ advt

انجمن تبلیغ الاسلام جموں وکشمیر سرینگر
فلسطینی مسلمانوں کے قتل عام اسرائیلی ظلم وجبر اور بربریت کے خلاف جموں وکشمیر انجمن تبلیغ الاسلام کا شدید احتجاج

پیرزادہ مشتاق احمد مسعودی سیکریٹری نشر واشاعت مرکزی انجمن تبلیغ الاسلام کے بیان کے مطابق انجمن تبلیغ الاسلام کے مرکزی زعماء، ضلع، زونل، بلاک صدور اور ارکان انجمن نے فلسطینی معصوم مسلمانوں کے قتل عام و حشیانہ بہمای ظلم وجبر اور بربریت کے خلاف غم وغصہ اور شدید احتجاج کیا ہے مسلمانوں کے بدترین دشمن سامراج امریکہ کے پالتو درندے اسرائیل نے جس وحشیانہ طریقے پر معصوم بچوں عورتون بزرگوں کو کھلے عام قتل و غارت کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ اس سے انسانیت کا سر شرمسار ہوا ہے انجمن تبلیغ الاسلام کے علماء، مبلغین، اور ائمہ مساجد حضرات سے ہدایات ہیں کہ وہ آنے والے متبرک ایام شب قدر، جمعۃ الوداع، اور عید الفطر کے موقعہ پر اسرائیلی بربریت کے خلاف فلسطینی مسلمان بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کر کے رب الکریم کی بارگاہ ایزدی میں چشم نم ہو کر سامراجی قوتوں، ظالم وجابروں، کے روا رکھے ظلم وجبر کے خاتمے کے لئے درندہ صفت اسرائیل اور اسکے ہمنواؤں کو صفحہ ہستی سے نسیت ونابود ہونے کے لئے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کریں۔ اللہ تعالی مقدس ماہ مبارک کے طفیل سے مسلمانون کو امن وامان عطا کرے محکوم اور مظلوم مسلمانوں کو جبر وقہر سے نجات دے آمین۔

المشتہر: سیکریٹری نشر واشاعت مرکزی انجمن تبلیغ الاسلام

قمریہ مسلم وقف ٹرسٹ سالورہ گاندربل کے زیر اہتمام
جامع مسجد شریف قمریہ میں
جمعۃ الوداع.....شب قدر.....عید الفطر

کے بابرکت ایام کے اوقات نماز اور مجالس سعید کے انعقاد کیلئے مرتبہ پروگرام

جمعۃ الوداع	اذان 12:30 بجے دوپہر	نماز جمعہ 2:00 بجے	خطیب جناب مولانا محمد اسماعیل ہادی صاحب
شب قدر	اذان 10:00 بجے شب	نماز عشاء/تراویح 10:30 بجے شب	خطیب متوقع جناب مولانا شوکت احمد صاحب ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ منہاج القرآن انٹرنیشنل بڈگام
نماز عید	10:00		

برائے اطلاع عامۃ المسلمین

سیکریٹری قمریہ مسلم وقف ٹرسٹ سالورہ گاندربل

بیہقی خاندان کو صدمہ

سید دغلام جیلانی بیہقی ولد مرحوم میر سید حفیظ اللہ بیہقی (نعت خوان) 23 رمضان المبارک 1435ھ مطابق 22 جولائی 2014ء بروز منگوار صبح پانچ بجکر دس منٹ پر مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ اس سلسلے میں مرحوم کے چہارم کے سلسلے میں اجتماعی فاتحہ خوانی 25 جولائی 2014ء مطابق 26 رمضان المبارک 1435ء جمعۃ الوداع دن کے تین بجے اُن کے آبائی قبرستان واقع پیرزو کوٹھی باغ (نزد یک دولت خانہ مرحوم) پر انجام دی جائے گی۔

مستورات سے درخواست ہے کہ وہ کسی بھی قسم کے مشروبات یہاں لانے سے پرہیز کریں۔

غمزدہ کنبہ
کاشانی۔ بیہقی۔ قادری۔ شاہ۔ قاضی
بذریعہ۔ سید عاشق اشرف کاشانی

جامعہ شُمس العلوم کلم (دیوسر) کی طرف سے مخلصانہ اپیل۔

یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی کہ مدرسہ تین سالوں سے تشنگان دین کی طلب والوں کی پیاس بُجھانے میں مصروف عمل ہے تعلیمی نظام کے علاوہ تعمیراتی خرچات بھی کثیر تعداد میں ہے، مدرسہ فی الحال ابتدائی مراحل سے گزر رہا ہے، عوام الناس سے صدقات، خیرات، زکوۃ سے تعاون کی اپیل کی جاتی ہیں تا کہ ثواب الدارین حاصل کرنے میں پہل کریں۔

رابطہ کے لئے فون نمبرات واکاونٹ نمبر درج ذیل ہیں۔

شعبہ نشر واشاعت شمس العلوم کلم
SB 365
Phone no: 9797943201, 7298738402

The Jammu and Kashmir State Board of School Education
Lal Mandi,sgr
No: - F (Forms-cancl/Ansbook)b/14
Dated 15-07-2014

Cancellation Notice

It is hereby notified for the information of all the stakeholders that the Answer books bearing S.No: - AKP-I/12 650744(Blue colour) of SSE=10th Annual private 2013 is cancelled.

Assistant Secretary
Forms KD

جمعیۃ اہل حدیث جموں وکشمیر
اہل ثروت سے دردمندانہ اپیل

رمضان المبارک کے رخصت میں اب تھوڑے ہی دن باقی ہیں۔ جمعیۃ اہل حدیث کے سامنے اس وقت

الکلیۃ السلفیۃ للبنات

کی بلڈنگ کی تعمیر کا منصوبہ ہے جس پر پانچ کروڑ روپیہ سے زائد صرفہ آنے کا تخمینہ ہے۔ اہل ثروت سے مؤدبانہ اپیل ہے کہ رمضان المبارک کے ان تھوڑے ایام میں اپنی زکوۃ، خیرات وصدقات کے علاوہ خصوصی معاونت سے اس اہم منصوبہ کی تکمیل کے لئے جمعیۃ کو تعاون دیکر سعادت دارین حاصل کریں۔

رابطہ نمبر: 0194-2473667, 2473668
آپ اپنی زکوۃ جمعیۃ کے اس اکاؤنٹ نمبر میں بھی جمع کر سکتے ہیں۔ CD-87,
Branch Barbar Shah

ناظم اعلیٰ
جمعیۃ اہل حدیث جموں وکشمیر

اطلاع عام

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میرا پاسپورٹ نمبر H 1050426 گم ہو چکا ہے۔ اب مجھے نیا پاسپورٹ نکالنا مطلوب ہے۔ اگر کسی کو اس بارے میں کوئی اعتراض ہو تو براہ مہربانی اپنا اعتراض سات دنوں کے اندر اندر پاسپورٹ آفس پر پیش کریں۔ بصورت دیگر اس معیاد کے بعد کوئی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

پاسپورٹ ہولڈر: مدحہ خورشید دختر خورشید احمد شاہ
پتہ 13B جواہر نگر

Lost

I have lost my Driving License bearing No:- JKO120110032969 somewhere. Now I have to apply for its Duplicate copy. In this regard anybody having any objection may contact R.T.O Srinagar within 7 days & after that no objection will be accepted.

Imtiyaz Ahmad Kuloo
S/o Late Mohd Ramzan Kaloo
R/o Abi Karpora Nehru Park Srinagar

اِدارہ اَوقاف زِیارت شریف حضرت شیخ نُورالدین نُورانیؒ دریگام (بڈگام)

رمضانُ المبارک کے دوران زِیارت شریف حضرت شیخ نُورالدین نُورانیؒ دریگام میں عظیم الشان تقریبات۔ دریہ گام وادی کشمیر خاصکر ضلع بڈگام کا وہ تواریخی گوشہ ہے جہاں بُلند پایہ ولی کامل'' علمدار کشمیر، حضرت شیخ نوراالدین نورانیؒ نے اپنے حیاتِ مُقدس کے بارہ (۱۲) سال کا عرصہ اللہ تعالیٰ کی ریاضت میں گذارے ہیں۔ اِس مقدس زیارت گاہ پر سال بھر وادی کے اطراف اکناف سے آے عقیدت مندوں کا تانتا باندھا رہتا ہے۔ رواں ماہ کے دوران آنے والے مُقدس ایام پر انتظامیہ نے جو پروگرام تشکیل دیے ہے اُسکی تفصیلی جانکاری مندرجہ زیل ہے۔

تاریخ	یوم	وقتِ نماز	پروگرام کی تفصیل
25/07/14 جمعۃ المُبارک	جمعۃُ الوِداع	02:30 (نماز جمعہ)	بعد نماز جمعہ درود وسلام کی گونج میں پُرنم آنکھوں سے حضرت علمدارِ کشمیرؒ کے عظیم تبرُکات کا دیدار ہوگا (انشااللہ)
25/07/14 جمعۃ المُبارک	شبِ قدَر	10:30 (نمازِ عشائ)	رات بھر وعظ تبلیغ دُرُود وَاذکار ختمات المعظمات کی مجلس آراستہ ہوگی (انشااللہ)
26/07/14 سنیچر وار	شبِ قدَر	(بعد نماز فجر)	صبح مہکتے فضاوں میں حضرت علمدار کشمیرؒ کے عظیم تُبرکات کی نشاندہی ہوگی (انشاءاللہ)

گذارش ہے کہ نماز عید الفطر عیدگاہ (بونہ باغ) میں ۱۰:۳۰ اصحٔ ادا ہوگی انشااللہ

انتظامیہ کی طرف تمام مسلمانوں کو گزارش ہے کہ وہ اِن ایام متبرک کے دوران وقتِ مقررہ پر عمل کر کے تقریبات میں اپنی تشریف آوری یقینی بنایں۔ (شکریہ)

(المُشتہر) سکیرٹری۔ (محمد یاسین بیگ دریگامی)

ادارہ اوقاف زیارت شریف حضرت شیخ نورالدین نورانیؒ دریگام۔

JAMMU & KASHMIR FUNDS EMPLOES ASSOCATION BUDGAM

جموں کشمیر فنڈس ایمپلائز ایسوسیشن کا اجلاس زیر صدارت غیور اقبال۔ فنڈس آفس بڈگام میں والہانہ استقبال (نور محمد قریشی) جموں کشمیر فنڈس آرگنائیزیشن محکمہ فائینانس ڈسٹرک فنڈس آفس بڈگام میں ایک میٹنگ زیر صدارت غیور اقبال منعقد ہوا جس میں ریاست جموں کشمیر کے فنڈس سرکاری ملازمین کے جائز اور عرصے دراز سے لٹکے ہوے مطلبات کو زیر غور لایا گیا بلخصوص ملازمین فنڈس کی ترقیوں پے انا ملی ٹیکنکل گریڈ ایڈہاک، اور عارضی ملازمین کو مستقل کرنا شامل ھے۔ صدر غیور اقبال فنڈس ایمپلائز ایسوسیشن جموں وکشمیر نے فنڈس ملازمین ڈسٹرک فنڈس آفس بڈگام سے ملازمین کے مسایلوں پر تبادلہ خیال کیا اور یقین دلایا کہ عنقریب ملازمین فنڈس کا اجلاس فنڈس کمپلیکس میں منعقد ہوگا جس میں وزیر اعلیٰ جناب عمر عبداللہ جموں کشمیر اور وزیر خزانہ جناب عبدل رحیم راتھر صاحب کو دعوت دی جارہی ہے کہ وہ بذات خود سرکاری ملازمین جموں کشمیر فنڈس ملازمین کے مسایلوں و مطالبات کا جایزہ لے۔ اس ضمن میں پہلے ہی صدر غیور اقبال اور عبوری طور ایسوسیشن ممبران نے پہلے ہی وزیر خزانہ کو آگاہ کیا ھے اور مطالبات کو فہرست پیش کی ہے جس پر عملی طور کاروائ ہو رہی ہے۔ ڈسٹرک فنڈس آفس بڈگام کے ملازمین نے صدر کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی ھے کہ ایسوسیشن اور عبوری کمیٹی الیکشن فنڈس ایمپلائز ایسوسیشن جموں کشمیر کے ہونے تک ایمانداری لگن اور محنت سے کام کرینگے کیوں کہ اب انشااللہ بالوں کی سفیدی کو مدنظر رکھنا ضروری ھے تا کہ کل شرمندگی کا احساس نہ ہو۔ میٹنگ میں جناب غلام نبی بگرو، ایجاز آحمد شالہ، محمد یوسف، شوکت غازی، علی محمد آشوکمار، منظور آحمد ناگامی، ، محمد مقبول، نثار آحمد، محمد سلطان، جان محمد، عبدل حمید۔ وتمام خواتین ملازمین ڈسٹرک فنڈس آفس بڈگام نے شرکت فرمائی اور غیور اقبال صاحب کو ملازمین فنڈس کے مفاد اور حق میں اعتماد دیا۔ اس ضمن میں فلحال عبوری ممبران بہ طرف ڈسٹرک فنڈس آفس بڈگام کی طرف سے جناب غلام نبی بگرو، جناب محمد یوسف، جناب شوکت غازی، اور جناب نور محمد قریشی کو نامزد کیا گیا جو ملازمین کے مسایلوں کی ترجمانی کرینگے۔

ملازمین ڈسٹرک فنڈس آفس بڈگام

In the loving memory of my dearest Father (Late) Mir Syed Qazi Abdul Rashid Shah Of Mahraj Gunj, Srinagar 1st January 1911-----23rd July 1995

The gates of love, affection and remembrance never close and in no case deteriorate or fade. Only we know, how much we remember, recall and miss you. We are confident that you are watching us from the heaven and this too is a fact that our love for you will always grow.You awere a pillar of determination,inspiration, strength, mindul guide, a cordial friend, a mentor for us always and will remain as such for the years to come. How can we forget the guidance, for the better meaningful living, you imparted to us throughout your life time.. We miss you more than words can express.We always pray to Almighty God that He may give peace to your soul and lay you in heavens. Aameen.

Remembering you always,
Dr. Shafat Ahmad Qazi (son) and family.

دارالعلوم امدادیہ اقبال کالونی نائیک باغ نئی پورہ سرینگر
دردمندانِ ملت سے معاونت کی اپیل

برادرانِ اسلام! دارالعلوم امدادیہ گزشتہ چند سالوں سے نہایت ہی تندہی سے خدمت دین میں مصروف ہے۔ مدرسہ محض توکلا علی اللہ اور برادران اسلام کے مخلصانہ تعاون سے چل رہا ہے۔ اس وقت مدرسہ میں پچاس سے زائد غریب ومستحق مہمانان رسولؐ زیر تعلیم ہیں جو روز وشب مدرسہ ہی میں قیام پذیر رہتے ہیں ان کے خود درنوش اور تمام ضروریات کی کفالت مدرسہ ہذا ہی کرتا ہے۔ مدرسہ میں مستقل طور پر کام کرنے والے اساتذہ ملازمین کا عملہ سات افراد پر مشتمل ہے۔ طلباء کی کفالت، ملازمین کی تنخواہوں اور مدرسہ کی دیگر ضروریات پر بارہ لاکھ -/12000,00 روپیہ سے زائد سالانہ خرچ ہوتا ہے۔ مدرسہ کا موجودہ احاطہ دس مرلہ زمین پر مشتمل ہے طلباء کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر جگہ کے تنگ ہونے کی وجہ سے مزید زمین کی خریداری بھی ضروری ہوگئی ہے۔ اس وقت مدرسہ ساڑھے تین لاکھ -/350000 روپیہ کا مقروض ہے۔

لہذا دردمندان ملت سے مخلصانہ التماس ہے کہ وہ رمضان المبارک کے اس مقدس ماہ میں زکوۃ، صدقہ فطر، نذر وخیرات اور امداد سے مدرسہ ہذا کا بھرپور تعاون فرمائیں نیز مدرسہ کے لئے زمین کی خریداری میں خصوصی طور پر اپنے لئے اور اپنے بزرگوں اور متعلقین کے لئے بطور صدقہ جاریہ خصوصی تعاون فرمائیں۔ اللہ پاک آپ کو دونوں جہاں میں بہترین اجر وجزا سے نوازیں گے۔

دعا گو

عبدالعزیز صفدر خادم دارالعلوم امدادیہ
اکاونٹ نمبر:۔ SB 6916 جے کے بنک برانچ نوگام سرینگر۔
نمبرات:۔ برائے رابطہ 9797227874,9858772436,9469100854

آپ کی مالی معاونت کا مستحق ادارہ صوت الاولیاء

تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر کے اہتمام سے چلنے والا ایک دینی فلاحی مرکز ادارہ صوت الاولیاء باغ نوگام اشاجی پورہ اسلام آباد جس میں تین سو سے زاہد طلبائے کرام کی روحانی اخلاقی ودینی تربیت مفت میں کی جاتی ہے علاوہ ازیں تنظیم کے اہتمام سے مختلف شعبہ جات کے ذریعے دینی وفلاحی کام انجام دئے جاتے ہیں، مرکز کے اردگرد خریدی گئی زمین کا بھی ابھی قرضہ باقی ہے اور مرکز تعمیری مراحل سے گزر رہا ہے جس پر کروڑں روپے خرچے کا تخمینہ ہیں، لہذا ابا برکت اور پُرنور مہینے میں آپ جیسے اہل خیر حضرات سے پوری امید ہے کہ آپ اپنے عطیات، صدقات، زکوۃ، ونذر ونیاز وغیرہ کے ذریعے اس نیک کام میں ہمارا تعاون فرما کر سعادت داریں حاصل کریں۔ آپ اپنے عطیات اکاونٹ نمبر CD 1005 JANDK BANK ASAJIPORA میں جمع کر سکتے ہیں۔ مزید جانکاری کے لئے ان نمبرات پر رابطہ قایم کریں 9419455077,9906712975,9906438510۔

دعا گو
شیخ عبدالرشید داودی امیر اعلی تحریک صوت الاولیاء جموں وکشمیر

نوٹ: شب قدر کے موقعہ پر امیر اعلی تحریک صوت الاولیاء جموں کشمیر حضرت علامہ ومولانا شیخ عبدالرشید داودی صاحب اور صدر تحریک صوت الاولیاء حضرت مولانا فیاض احمد رضوی صاحب اور تحریک کے جونٹ سیکریٹری حضرت مولانا محمد اسحاق ڈار صاحب صوت الاولیاء جامع مسجد باغ نوگام اشاجی پورہ اسلام آباد میں خطاب فرمایں گے، برائے مہربانی سحری اور افتاری اپنے اپنے ساتھ لایں۔ نماز رات 10:30 بجے ہوگی۔

Office of the Regional Transport Officer, Kashmir
NOTICE

Whereas an application for transfer of ownership has been received from Riyaz Ahmad Sheikh S/o Sheikh Mehraj -ud-din R/o Khawja Bazar Sgr. (transferor) of Maruti Car /Scooter /M.Cycle/ 207 tearing registration No JKO1J-8680 Chasis No. 400218, Engine No. 809259 Model 2006 in favour of Shri Bilal Ahmad Chaloo S/o Abdul Razak Chaloo R/oRangerhamam Nowhatta Sgr. (Transferee). Now, therefore, it is notified for the information of the general public that representation/objection, if any in connection with proposed transfer will be received within 7 days from the date of publication of this notice in the daily newspaper ..... to the address of undersigned . No , representation/ objection shall be considered unless it is made writing it is made in the aforesiad period.

No. JKRTOK/4481 **Sd/- Regional Transport Officer**
Dt. 18-07-2014 **Kashmir**

انتقال پُر ملال حاجی بشیر احمد گورہ ولد عبدالغفار گورہ
ساکن ویر چھتہ بل سرینگر

یہ خبر دُکھ کے ساتھ دی جارہی ہے کہ حاجی بشیر احمد گورہ ساکن ویر چھتہ بل گذر بل۔ 22/7/14 بوقت صبح 6:15 اس دنیا سے انتقال کر گئے۔ اس سلسلے میں ان کی اجتماعی فاتحہ خوانی بوقت 2:30 جمعہ 25/7/14 ان کے آبائی مقبرہ واقع سید منطقیؒ چھتہ بل میں انجام دی جائیگی۔

سوگواران: فرزند۔ ارشاد احمد گورہ، فدا حسین گورہ
برادر نذیر احمد گورہ وغیرہ
9697991573,9906744553

انت ناگ میں R.N.S نیوز ایجنسی کا ایک اہم اجلاس

ریشی۔ مشتاق جانثار۔ انت ناگ R.N.S کے ایڈیٹوریل بوڈ کی ہنگامی میٹنگ میں ریاست جموں وکشمیر کے نام ور صحافی تصدق ریشد کو مینجنگ ایڈیٹر تعینات کیا گیا۔ اس میٹنگ میں R.N.S کے مالک محمد اشرف ریشی ایڈیٹوریل بوڈ کے ممبران اور سارے ضلع ساتھی نمایندوں اور روز نامہ عقاب کے اعلی عہدداروں نے شرکت کی۔ میٹنگ میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ R.N.S کو مزید فعل اور وسعت دینے کے لئے بھرپور کوشیشیں مستقبل میں کی جائیں گے۔ تصدق رشید نے اس موقع پر سبھی نمایندوں پر زور دیا کہ وہ لوگوں کے مسائیل کی بھرپور ترجمانی، ایمانداری اور جان فشانی سے کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ R.N.S کی سیلور جوبلی تقریب منانے کے لئے اگر چہ تیاریاں مکمل ہوئی ہے تاہم سبھی مہمانوں کو وقت پر دعوت دی جائے گی تا کہ اس تقریب کو کامیاب بنایا جائے گا۔ اس موقع پر تصدق رشید اور ریشی صاحب نے مشتاق احمد راتھر (مشتاق جانثار) کو R.N.S کے سُپیشل فوٹو گرافر اور سب ایڈیٹر تعینات کیا گیا۔ اور مشتاق جانثار نے ان دونوں کا شکریہ ادا کیا۔

جمعیت کا وفد سہیل احمد لون کے گھر
اظہار تعزیت کے لئے گیا

مش پورہ کھڈونی کے نویں جماعت میں زیر تعلیم معصوم اور امرد نوجوان سہیل احمد لون کو فورسز نے اندھا دھند فائرنگ کا نشانہ بنا کر ابدی نیند سلادیا۔ ان کی شہادت سے نہ صرف ان کے والدین بلکہ تمام احباب واقارب اور علاقہ کے مرد وزن ماتم کنان ہیں۔ ان کے والدین اور دیگر رشتہ داروں کی تعزیت کے لئے صدر جمعیت اہل حدیث کی ہدایت پر نائب صدر مولانا مشتاق احمد ویری صاحب کی سربراہی میں جمعیۃ کا ایک وفد ان کے گھر گیا۔ آپ نے شہید کے والدین اور دیگر قرابتداروں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کشمیریوں کو ظالموں کے چنگل سے آزاد کرے۔ آپ نے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرنے کی بھی رب جلیل سے نم آنسوؤں سے دعا کی۔